# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

## (شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: سیرت النبی ﷺ قرآن کی روشنی میں (3910)** **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص سیرت سٹڈیز)**

### ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ)

1. تمام سوالات لازمی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ 1-4)

سوال نمبر 1 - دین مکمل ہونے کے اعلان نے امتِ مسلمہ کی دینی ذمہ داریوں، اجتماعی زندگی اور اسلامی معاشرے کی تشکیل پر کیا اثرات مرتب کیے؟ مفصل بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ بعثتِ نبوی ﷺ سے ہجرتِ مدینہ تک کے اہم مراحل کو قرآن کریم کی روشنی میں بیان کریں اور ان سے حاصل ہونے والے دعوتی، تربیتی اور معاشرتی اصولوں کو متعین کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ عرب میں بت پرستی کے آغاز کے اسباب اور اہلِ مکہ کے عقائد کا قرآنی تناظر میں تجزیہ کریں اور واضح کریں کہ قرآن کریم نے ان عقائد کی اصلاح کے لیے کون سی حکمتِ عملی اختیار کی؟ (20)

سوال نمبر 4۔ دعوتِ اسلام کے ابتدائی دور میں مسلمانوں کے صبر و استقامت کا قرآنی تعلیمات کی روشنی میں جائزہ لیں اور موجودہ دور میں ان تعلیمات کے عملی اطلاق پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اہلِ مکہ کے معجزات کے مطالبات قرآنی آیات کی روشنی میں بیان کریں اور واضح کریں کہ قرآن کریم نے معجزات اور ایمان کے باہمی تعلق کو کس انداز میں بیان کیا ہے؟ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ 5-9)

سوال نمبر 1۔ قرآن کریم کی روشنی میں منافق کی تعریف کریں نیز غزوات میں منافقین کے رویے کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ نسلی مفاخرت کس کو کہتے ہیں؟ یہود کی نسلی مفاخرت کی وضاحت قرآن کریم کی روشنی میں کریں نیز یہود کی سازشی طبیعت اور دنیا طلبی پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے نبی کریم ﷺ کے بارے میں کیا بشارت دی تھی؟ وضاحت کریں نیز رہبانیت پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ غزوۂ بدر اور غزوۂ اُحد کے اہم واقعات قرآنی آیات کی روشنی بیان کریں اور واضح کریں کہ ان واقعات سے قیادت، نظم و ضبط اور اجتماعی ذمہ داری کے کون سے اصول سامنے آتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 5۔ مسلمان کے معاشرتی اوصاف پر قرآن کریم کی روشنی میں نوٹ لکھیں اور ان اوصاف کو معاشرے میں عام کرنے کا عملی طریقہ کار تجویز کریں۔ (20)